ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(111)

مورخہ 28.02.24

بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 05ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 01ملزم اجمل جوئیہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 30لیٹر شراب برآمد کرلیں۔اسی طرح تھانہ قائم پور پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01ملزم اختر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1600 گرام چرس برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ ڈیراور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03ملزمان رانا اشہر،عبدالمنان اور طلحہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01عدد رائفل 44بور،01عدد رائفل 222اور 01عدد پسٹل 30بور برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے،انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار،گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی
مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ کوتوالی اور CIA پولیس کی مشترکہ کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی متعدد
وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

بہاولپور: ڈسٹرکٹ بار کے وکلاء و قائدین اتحاد تنظیمات اہلسنت کے وفود کی پرامن محرم الحرام اور منشیات فروشوں کے خلاف

کامیاب کارروائیوں کے حوالے سے ڈی پی او سید محمد عباس سے ملاقات، پھولوں کے گلدستے پیش کئے